AQF / Shabbir

17-02-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ کونین حیدر

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج ممبئی میں فرانس کے صدر Emmanuel میخوں سے ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنما بھارت-فرانس اختراعی سال 2026 کا افتتاح بھی کریں گے۔

2- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور فرانس کی اُن کی ہم منصب Catherine Vautrin بینگلورو میں چھٹے بھارت۔فرانس سالانہ دفاعی مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

3- CBSE نے دسویں کلاس کیلئے دو بورڈ امتحانات سے متعلق پالیسی کے سلسلے میں وضاحت کی ہے۔ بورڈ کا پہلا امتحان سبھی طلبا کیلئے لازمی ہوگا۔

4- BNP کے چیئرمین طارق رحمان آج بنگلہ دیش کے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا ڈھاکہ میں حلف برداری کی تقریب میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

5- اور کرکٹ میں: ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں گروپ B کے ایک میچ میں سری لنکا نے آسٹریلیا کو آٹھ وکٹ سے ہراکر Super Eight مرحلے کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-FRENCH PREZ

وزیراعظم نریندر مودی آج ممبئی میں فرانس کے صدر Emmanuel میخوں سے ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنما بھارت - فرانس کلیدی ساجھیداری کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے اور علاقائی نیز عالمی اہمیت کے حامل امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ دونوں لیڈر بھارت - فرانس اختراعی سال 2026 کا افتتاح بھی کریں گے اور دونوں ملکوں کے کاروباری رہنماؤں، اسٹارٹ اپ اداروں، تحقیق کاروں اور دیگر اختراع کاروں کی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔

فرانس کے صدر AI Impact Summit میں شرکت کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر بھارت کے تین دن کے سرکاری دورے پر آج صبح سویرے ممبئی پہنچے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V/C Ankita Apte**

وزیراعظم مودی اور صدر میکھوں آج سہ پہر ممبئی کے لوک بھون میں دوطرفہ بات چیت کریں گے، جس میں وہ بھارت-فرانس اسٹریٹجک شراکت داری میں ہوئی پیش رفت کا جائزہ لیں گے اور علاقائی اور عالمی اہمیت کے حامل امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ بات چیت میں اسٹریٹجک شراکت داری کو مستحکم کرنے اور اسے نئے اور اُبھرتے ہوئے شعبوں کے تعلق سے متنوع بنانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

شام کو وزیراعظم مودی اور صدر میکھوں، بھارت-فرانس اختراعی سال 2026 کا افتتاح کریں گے اور کاروباری رہنماؤں، اسٹارٹ اپس، تحقیق کاروں اور دونوں ملکوں کے دیگر جدت طرازوں کے مجمع سے خطاب کریں گے۔

ممبئی سے انکیتا آپٹے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## INDIA-FRANCE DEFENCE DIALOGUE

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور فرانس کی، اُن کی ہم منصب Catherine Vautrin آج بینگلورو میں چھٹے بھارت-فرانس سالانہ دفاعی مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ اس میٹنگ میں دو طرفہ دفاعی تعاون کے تمام تر پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا، جس میں صنعتی اشتراک کو بڑھانے پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔

توقع ہے کہ دونوں وزراء دفاعی تعاون سے متعلق اہم معاہدے کو مزید 10 سال کیلئے بڑھائیں گے اور Hammer میزائل تیار کرنے کی خاطر ایک مشترکہ پروجیکٹ سے متعلق مفاہمت نامے پر دستخط کریں گے۔ دونوں وزراء کرناٹک کے Vemagal میں وزیراعظم نریندر مودی اور فرانس کے صدر ایمانول میکھوں کے ذریعہ، ٹاٹا ایئربس کی H-125 لائٹ یوٹیلٹی ہیلی کاپٹر فائنل اسمبلی لائن کے ورچوئل وسیلے سے افتتاح کا مشاہدہ کریں گے۔×

## INDIA-AI IMPACT SUMMIT DAY-2

India AI Impact Summit 2026 نئی دلی میں بھارت منڈپم میں جاری ہے۔ عالمی خطۂ جنوب میں پہلی بار Global AI Summit ہو رہا ہے، جو پانچ دن جاری رہے گا۔ اِس میں 20 ملکوں کے عالمی رہنما شرکت کر رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ: **V/C Priya Mondal**

بھارت کے ترقی کے سفر میں مصنوعی ذہانت کا اہم رول ہے۔ اس سے حکمرانی کو مستحکم بنانے اور عوامی

خدمات کے نظام کو بہتر بنانے میں سہولت پیدا ہوئی ہے۔ اِس پانچ روزہ سربراہ میٹنگ میں عالمی رہنما، پالیسی تیار کرنے والے سرکردہ افراد، تکنیکی کمپنیاں، اختراع کار اور ماہرین مختلف شعبوں میں AI کی بڑی تبدیلی کی صلاحیت پر غوروفکر کر رہے ہیں۔ ان میں حکمرانی، اختراع اور پائیدار ترقی شامل ہیں۔
آج India AI Impact Summit کے دوسرے دن مختلف موضوعات پر پینل مباحثوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اِس موقعے پر اہم Knowledge Compendium کا آغاز کیا جائے گا، جس میں صحت، توانائی، تعلیم، زراعت اور معذوری کے تعلق سے AI پر Casebooks بھی شامل ہیں۔
اِس کے علاوہ Applied AI پر مرکوز ایک سیمار بھی ہوگا۔ AI کی کلیدی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے بھارت نے ایک مضبوط اور سب کی شمولیت والا AI ایکو نظام قائم کرنے کو اعلیٰ ترجیح دی ہے۔ ملک میں ذمہ دارانہ اور بھروسے مند طریقے سے AI کے استعمال کیلئے ایک مضبوط بنیاد قائم کی جا رہی ہے۔
اِس میں India AI Mission، اے آئی Compute بنیادی ڈھانچہ اور ملک میں ہی تیار کیے گئے AI Models کا فروغ جیسے اقدامات شامل ہیں۔
دلی سے پریا موٹدل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .......

## INDIA-AI IMPACT SUMMIT

تعلیم کی مرکزی وزارت آج India AI Impact Summit میں ایک خصوصی اجلاس منعقد کر رہی ہے، جس کا موضوع ہے ''وزارتِ تعلیم اور بھارت میں AI کا فروغ''۔ وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان اور تعلیم کے وزیر مملکت جینت چودھری اِس اجلاس میں شرکت کریں گے اور تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کی بڑی تبدیلی لانے والی صلاحیت کو بروئے کار لانے کی وزارت کی لگاتار کوششوں کو اجاگر کریں گے۔
اِس کے علاوہ صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈّا India AI Summit میں دو قومی پروگراموں کا آغاز کریں گے۔ ان میں بھارت کیلئے حفظانِ صحت کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کی حکمت عملی اور Health AI کیلئے پیمانے سے متعلق اوپن ڈیٹا پلیٹ فارم شامل ہیں۔x

## SHAH-MANTHAN MEETING

امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی محکمے کے وزیر امت شاہ آج گاندھی نگر میں مہاتما مندر میں ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے امدادِ باہمی وزیروں کے اعلیٰ سطح کے قومی Conclave کی صدارت کریں گے۔ یہ منتھن میٹنگ سہکار سے سمردھی کے وزیراعظم نریندر مودی کے نظریے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ اِس میں امداد باہمی شعبے کو مزید شفاف، جدید اور

مرکزیت والا بنانے کیلئے ڈھانچے سے متعلق اصلاحات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V/C Aparna**

*امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ دو لاکھ نئے کثیرالمقاصد PACs کے قیام میں ہونے والی پیش رفت اور اناج کو ذخیرہ کرنے کے دنیا کے سب سے بڑے منصوبے کے تحت اناج کے بہتر اسٹوریج کیلئے جدید گوداموں کی ملک گیر توسیع کا جائزہ لیں گے۔ بات چیت میں برآمدات اور بیجوں کیلئے، نوتشکیل شدہ قومی اداروں سے ریاستوں کو مربوط کرنے اور ساتھ ہی PACs کو مقررہ وقت پر کمپیوٹرائز کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ کانکلیو میں کوآپریٹو بینکوں کے ڈیجیٹائزیشن، ریاستی کوآپریٹو قوانین اور اصول اور NDDB کے اشتراک سے ڈیری نیٹ ورک کی توسیع پر بھی تبادلہ خیال ہوگا۔ اس میٹنگ کا مقصد کوآپریٹیوز کو نچلی سطح پر روزگار اور دیہی خود انحصاری کیلئے ایک مضبوط وسیلے میں تبدیل کرنا ہے۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**CBSE CLASS-10 NEW RULES**

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE نے دسویں کلاس کے بورڈ امتحانات کی نئی اسکیم کیلئے ضابطوں کے تعلق سے ایک وضاحت جاری کی ہے۔ یہ اسکیم اس سال سے شروع ہوگی۔ یہ وضاحت طلبا اور والدین کی طرف سے کئی طرح کے سوالوں کے تناظر میں سامنے آئی ہے، جن میں ذاتی، طبی یا کسی دیگر وجوہات کی وجہ سے پہلا امتحان نہ دینے کی صورت میں دوسرے بورڈ امتحان میں بیٹھنے کے تعلق سے پوچھا گیا تھا۔

CBSE نے یہ واضح کردیا ہے کہ سبھی طلبا کیلئے دسویں کلاس کا پہلا بورڈ امتحان لازمی ہے۔ اگر طلبا پہلے امتحان میں 3 یا اِس سے زیادہ مضامین کا امتحان نہیں دیتے تو ایسی صورت میں وہ دوسرے امتحان کیلئے اہل نہیں ہوں گے۔ اِس طرح کے طلبا کو لازمی طور پر دوسرے امتحان میں بیٹھنے کے زمرے میں رکھا جائے گا اور وہ اِن مضامین کا امتحان فروری میں اگلے سال کے امتحانات میں ہی دے سکیں گے۔ CBSE نے یہ وضاحت کی ہے کہ دوسرا امتحان صرف طلبا کے بعض زمروں کے لئے ہے۔ جو طلبا پہلے امتحان میں پاس ہوگئے ہیں اور وہ اپنے Marks میں سدھار لانا چاہتے ہیں تو وہ بہتر کارکردگی کے زمرے کے تحت پھر سے امتحان دے سکتے ہیں۔ ایسے طلبا کو سائنس، ریاضی، سوشل سائنس اور مختلف زبانوں سمیت زیادہ سے زیادہ تین مضامین میں ہی امتحان دینے کی اجازت ہوگی۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**BANGLADESH SWEARING**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا آج ڈھاکہ میں BNP کے چیئرمین طارق رحمان کو بنگلہ دیش کے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف دلائے جانے کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اِس موقعے پر خارجہ سکریٹری وکرم مسری بھی موجود رہیں گے۔ حالیہ پارلیمانی انتخابات میں بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی BNP کی زیرِ قیادت اتحاد نے شاندار جیت حاصل کی ہے۔

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ اِس اہم تقریب میں جناب اوم برلا کی شرکت سے بھارت اور بنگلہ دیش کے عوام کے درمیان گہری اور پائیدار دوستی کی عکاسی ہوتی ہے، نیز یہ جمہوری اقدار کے تئیں بھارت کے پختہ عہد کا بھی مظہر ہے۔ وزارت نے جناب طارق رحمان کی قیادت میں منتخبہ سرکار قائم کیے جانے کا خیر مقدم بھی کیا ہے۔ اِدھر پارلیمنٹ کے نئے منتخب ارکان بھی آج صبح جاتیہ سنسد بھون میں حلف لینے والے ہیں۔x

**PREZ-AP VISIT**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے آندھرا پردیش کے دو روزہ دورے پر روانہ ہورہی ہیں، جہاں وہ ''انٹرنیشنل فلیٹ ریویو، IFR-2026 کا مشاہدہ کریں گی۔ وہ آج شام وشاکھاپٹنم پہنچیں گی۔ آندھراپردیش کے گورنر ایس عبدالنظیر اور وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو اُن کا استقبال کریں گے۔ شام کو صدر جمہوریہ کے اعزاز میں ایک ضیافت کا اہتمام کیا جائے گا۔ کل صدر جمہوریہ مسلح افواج کی سپریم کمانڈر کی حیثیت IFR-2026 کا معائنہ کریں گی۔ بھارتی بحریہ کی جانب سے 'سمندروں کے ذریعہ متحد، دوستی کے وسائل کی مضبوطی' کے موضوع کے تحت منعقدہ یہ ریویو بحری صلاحیت، تعاون اور سمندر میں بھارت کی خود مختار نگرانی کی عکاسی کرتا ہے۔x

**BIO ASIA-2026 SUMMIT**

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی آج بائیو ایشیاء-2026 بین الاقوامی سمٹ کے 23 ویں ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔ یہ دو روزہ عالمی کانفرنس حیدرآباد انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں منعقد کی جائے گی۔ اس سال سمٹ کا موضوع ہے: ' Tech Bio Unleashed- اے آئی آٹومیشن اور لائف سائنسز میں انقلابی تبدیلیاں'۔ اس سمٹ میں حفظان صحت کے مستقبل کی سمت طے کرنے کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔x

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج دلی، انڈمان نکوبار جزائر، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ راجستھان میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ اُدھر اوڈیشہ کے کچھ حصوں

میں صبح کے اوقات میں گہرا کہرہ چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

**CRICKET-T20 WORLD CUP**

مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں، سری لنکا کے پلّیکل انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سری لنکا نے آسٹریلیا کے خلاف زبردست جیت حاصل کرتے ہوئے سُپر-8 میں جگہ بنالی ہے۔ Pathum Nissanka کی سینچری کی بدولت سر لنکا نے محض 18 اوورس میں دو وکٹ کے نقصان پر 184 بنائے۔

آج تین میچ کھیلے جائیں گے۔ گروپ-ڈی کے میچ میں چنئی کے ایم-اے چدمبرم اسٹیڈیم میں دن میں 11 بجے، نیوزی لینڈ اور کینیڈا آمنے سامنے ہوں گے۔ دوسرا میچ Pallekele انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، جہاں گروپ-بی کے میچ میں آئرلینڈ کا مقابلہ زمبابوے سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر تین بجے کھیلا جائے گا۔ تیسرا میچ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ گروپ-سی کے اس میچ میں اسکاٹ لینڈ اور نیپال کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - کونین حیدر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے نئی دلّی میں ''انڈیا اے آئی اِمپیکٹ سمِٹ-2026'' کے آغاز کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے، دلّی میں اے آئی سمِٹ شروع، عالمی رہنماؤں کی شرکت، وزیراعظم نے افتتاح کرتے ہوئے مہمانوں کا خیر مقدم کیا، کہا امپیکٹ سمٹ تکنیکی ترقی کی علامت۔

اخبار پرتاپ نے بھارت میں امریکی سفیر سرجیوگور کے بیان کو اہمیت دیتے ہوئے سرخی لگائی ہے کہ بھارت-امریکہ دفاعی تعلقات کو اب مضبوط کرنے کا وقت۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے کہ دلّی پولیس نے منایا 79واں یوم تاسیس، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے لی شاندار پریڈ کی سلامی۔

اخبارات نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے زیر تربیت افسران سے خطاب کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے، افسران عوام کے مفاد کے محافظ۔ اخبارات نے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ ڈیپ فیک اور غلط معلومات معاشرے کی بنیادوں پر حملہ، تکنیکی اور قانونی حل ضروری۔ اخبار نے مرکزی حکومت کی طرف سے جاری تازہ فہرست کے حوالے سے نمایاں کیا ہے کہ اب چھتیس گڑھ میں صرف چار اضلاع ہی نکسلی انتہا پسندی سے متاثر۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ایران اور امریکہ کے درمیان دوسرے دور کے مذاکرات آج

☆ ڈونلڈ ٹرمپ کا غزہ کیلئے پانچ ارب امریکی ڈالر دینے کا اعلان۔

☆ لبنان پر اسرائیل کا فضائی حملہ، چار افراد ہلاک۔×

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج ممبئی میں فرانس کے صدر Emmanuel میخوں سے ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنما بھارت-فرانس اختراعی سال 2026 کا افتتاح بھی کریں گے۔

2- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور فرانس کی اُن کی ہم منصب Catherine Vautrin بینگلورو میں چھٹے بھارت۔فرانس سالانہ دفاعی مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

3- CBSE نے دسویں کلاس کیلئے دو بورڈ امتحانات سے متعلق پالیسی کے سلسلے میں وضاحت کی ہے۔ بورڈ کا پہلا امتحان سبھی طلبا کیلئے لازمی ہوگا۔

4- BNP کے چیئرمین طارق رحمان آج بنگلہ دیش کے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا ڈھاکہ میں حلف برداری کی تقریب میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

5- اور کرکٹ میں: ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں گروپ B کے ایک میچ میں سری لنکا نے آسٹریلیا کو آٹھ وکٹ سے ہراکر Super Eight مرحلے کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------